سلسلہ تفسیر القرآن العظیم

خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ

# وَمَآ اُبَرِّئُ

13

## تیرہویں پارے/جزء کا مختصر تعارف

مضامین قرآن کا جامع و مختصر تعارف

حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

Edition 2022
© Copyright Reserved جمیع حقوق محفوظہ

# تیرہویں پارے/جزء "وما ابریٔ" کا مختصر تعارف

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Waffaqahullaah

Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)
www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# نوٹ

قارئین کرام یہ کتاب حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ کے آڈیوس سے مفرغات کے قبیل سے ہے اور قارئین کی درخواست پر مفرغات کو کتابی شکل میں پیش کیا گیا ہے جگہ جگہ آپ کو اس کتاب میں بیان کا اسلوب نظر آئے گا جو کہ کتابی (نثر) اسلوب سے کچھ مختلف ہو گا اور نثری اسلوب سے ہم آہنگ نہیں ہو گا کیونکہ آپ بخوبی واقف ہیں کہ اسلوبِ خطابت اور اسلوب کتابت و نثر نگاری میں فرق پایا جاتا ہے۔

جَزَاکَ اللّٰہ خیراً

بسم الله الرحمن الرحيم

رب أنزلني منزلا مباركا وأنت خير المنزلين

| تیرہواں پارے (جزء) کا مختصر تعارف |
|---|
| " Para 13 – Wa Ma Ubiroo"- وَمَا أُبَرِّئُ |

اہل علم نے تیرہواں پارے "وَمَا أُبَرِّئُ" کو 17 یونٹس میں تقسیم کیا ہے اور اس پارے کو تین حصوں میں بانٹا جاسکتا ہے، پہلا حصہ سورۃ یوسف کی آخری آیات، دوسرا حصہ میں سورۃ الرعد اور تیسرے حصے میں سورۃ ابراہیم ہے لہذا ۱۷ یونٹس کی تقسیم حسب ذیل ہے:

| یونٹس کے حساب سے پارہ نمبر 13 "وَمَا أُبَرِّئُ" کی آیات اور مضامین کی تقسیم | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹس | آیات | | مضامین |
| سورۃ یوسف | | | |
| یونٹ نمبر:1 | 53 | 57 | یوسف علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَام کو عزیز مصر نے خزانے اور اناج پر بھی معمور کر دیا۔ |
| یونٹ نمبر:2 | 58 | 97 | اناج کی تقسیم اور یوسف علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَام کا اپنے بھائیوں سے ملاقات کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:3 | 98 | 102 | یوسف علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَام کا یعقوب علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَام اور دیگر افراد خاندان سے ملاقات کا بیان۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:4 | 103 | 111 | نصیحتوں کا بیان ، قرآن مجید پچھلی آسمانی کتابوں کی تصدیق ہے۔ |
| سورۃ الرعد | | | |
| یونٹ نمبر:5 | 1 | 2 | کائنات کی خوبصورتی اور مظاہر جمالیات کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:6 | 3 | 4 | عالم سفلی خصوصاً زمین کو خوبصورتی سے مزین کرنے کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:7 | 5 | 11 | کائنات کی خوبصورتی کے ساتھ آخرت پر بھی غور و فکر کرنے کی دعوت دی گئی۔ |
| یونٹ نمبر:8 | 12 | 13 | بجلی کے اوصاف کا بیان پانی برسنے کے نظام کا تذکرہ۔ |
| یونٹ نمبر:9 | 14 | 29 | دعوت توحید کا بیان، اللہ تعالیٰ کی عظیم سلطنت کا تذکرہ ،مومن اور منافق کو نور اور ظلمات سے تعبیر کیا گیا ،حق اور باطل کے وصف کا بیان، مومن اور منافق کی اوصاف کا بیان، جنت کے اوصاف کا تذکرہ، رزق کے نظام کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:10 | 30 | 43 | اللہ کے نبی ﷺ کو تسلی دی گئی، قرآن کی صفات کا بیان، اللہ تعالیٰ ہر چیز سے باخبر ہے، کفار و مشرکین کے لیے بدترین عذاب کا ذکر، ہر کام کا ایک وقت مقرر ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | ، کفار کے شرمناک حرکات کا تذکرہ، منکرین رسالت کا بیان۔ |
| سورۃ ابراہیم [علیہ السلام] | | | |
| یونٹ نمبر:11 | 1 | 4 | قرآن کی تعریف وتوصیف کا بیان، قوم کو ان کی زبان میں کتاب دی گئی۔ |
| یونٹ نمبر:12 | 5 | 8 | رسولوں کے کام کرنے کا طریقہ اور موسیٰ علیہ السلام کو معجزات اور نشانیاں عطا کیئے جانے کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:13 | 9 | 17 | انبیائے کرام علیہم السلام کا اللہ سے مدد کے لیے دعا کرنے کا تذکرہ، موسیٰ علیہ السلام علیہ السلام اور نوح علیہ السلام علیہ السلام کا ذکر اور قومِ عاد، قومِ نوح اور قومِ ثمود کا ذکر، جہنم کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:14 | 18 | 31 | اہل جہنم اور اہل جنت کا بیان، شیطان کی تقریر کا ذکر، کلمہ کا شجر طیبہ سے مثال کا بیان، عذاب قبر کا تذکرہ، مشرکوں کے لیے دردناک عذاب کا ذکر ، احسان اور حسن سلوک کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:15 | 32 | 34 | اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور کائنات کی عظمتوں کا بیان، توحید ربوبیت، توحید الوہیت اور اللہ کا تعارف کا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | بیان ،اور ابراہیم علیہ السلام کی طرح شکر گزار بننے کی نصیحت۔ |
| یونٹ نمبر:16 | 35 | 41 | ابراہیم علیہ السلام کی دعا کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:17 | 42 | 52 | قیامت کے ہولناک مناظر کا بیان اور تمام جن وانس پر اللہ فرمانبر داری فرض ہے۔ |

### یونٹ نمبر:1

تیرہواں پارہ، سورۃ یوسف سورۃ نمبر 12 کی آیت نمبر 53 سے لیکر آیت نمبر 57 میں میں یہ بتایا جارہاہے کہ جب یوسف علیہ السلام علیہ السلام نے عزیز مصر کے خواب تعبیر بیان کیا اور تدبیر بھی تو عزیز مصر نے یوسف علیہ السلام علیہ السلام کو حکومت کا ایک بڑا عہدہ دیدیا اور اپنا مشیر خاص بنالیا اور اس کے بعد یوسف علیہ السلام علیہ السلام کو خزانے کا مشیر مقرر کردیا مصر کے اناج کو بھی یوسف علیہ السلام علیہ السلام کے ہاتھ میں دیدیا گیا تا کہ آپ اس کی اچھی دیکھ بال کر سکیں۔

| یونٹ نمبر1:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.1" |
|---|

- یوسف علیہ السلام کا جیل سے آزاد ہونا اور ان کا زمین کے خزانوں پر ذمہ داری کا طلب کرنا اور اس کو پانے کا ذکر(51-57)

### یونٹ نمبر:2

تیرہواں پارہ، سورۃ یوسف سورۃ نمبر 12 کی آیت نمبر 58 سے لیکر آیت نمبر 97 میں یہ بتایا جارہاہے کہ یوسف علیہ السلام علیہ السلام نے وزیر مصر بن کر سات سال تک خوب اناج جمع کیا، اور

جب قحط کے سال شروع ہوئے تو آپ نے اناج بانٹنا شروع کیا جب یوسف علیہ السلام کے بھائیوں علیہ السلام کو یہ خبر ملی کہ عزیز مصر کی طرف سے اناج تقسیم ہو رہا ہے تو وہ یعقوب علیہ السلام سے اجازت لیکر مصر روانہ ہوئے ان کو یہ بات بھی معلوم تھی کہ عزیز مصر مال کے بدلے اناج دے رہا ہے تو وہ کچھ مال جمع کر کے مصر کے لیے روانہ ہوئے جب بھائیوں کا قافلہ یوسف علیہ السلام علیہ السلام کے پاس پہنچا تو آپ نے اپنے بھائیوں کو ایک ہی نظر میں پہچان لیا، لیکن ان پر ظاہر نہیں کیا اپنے بھائیوں کی عزت و تکریم کی اور انہیں شاہی مہمان بنا کر رکھا پھر تنہائی میں اپنے سب سے چھوٹے بھائی کو اپنی اصل حقیقت بتادی اور اس کو راز رکھنے کے لیے کہہ دیا جب تمام بھائی جانے لگے تو ان کو اناج دیا گیا اور اپنے چھوٹے بھائی کے اناج کے حصے میں شاہی پیالہ بھی رکھوا دیا جب یہ جانے لگے منادی کرنے والے منادی کی کہ شاہی پیالہ چوری ہو گیا ہے لہذا تمام بھائیوں کی تلاشی لی گئی اور چھوٹے بھائی کے پاس سے وہ شاہی پیالہ بر آمد کیا گیا اور اس کو اس جرم کے بدلے روک لیا گیا اور دوسرے تمام بھائیوں کو جانے کے لیے کہہ دیا گیا، ،پھر جب تمام بھائی اپنے گھر پہنچے سوائے بڑے بھائی اور چھوٹے بھائی کے اور یعقوب کو تمام ماجرا سنایا تو یعقوب علیہ السلام نے صرف وہی کہا جو یوسف علیہ السلام کا واقعہ سن کر کہا تھا چنانچہ کچھ عرصہ بعد تمام بھائی پھر سے مصر روانہ ہوئے اور یوسف علیہ السلام کے ہاں پہنچے اپنی تکلیف اور یعقوب کی تکالیف بیان کی اس وقت یوسف علیہ السلام کا دل بھر آیا اور انہوں نے اپنے بھائیوں سے کہا کچھ اپنے کرتوتوں بھی یاد کرلو کہ تم نے یوسف علیہ السلام کے ساتھ کیا کچھ نہ کیا، یعقوب علیہ السلام علیہ السلام اپنے رنج و غم میں روتے روتے نابینا ہو گئے تھے جب ان کی آنکھوں پر یوسف علیہ السلام کا کرتا ڈالا گیا تو ان کی بینائی واپس لوٹ آئی اور یعقوب علیہ السلام علیہ السلام یہ سمجھ گئے یہ کرتا یوسف علیہ السلام علیہ السلام کا ہے۔

## یونٹ نمبر2: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.2"

- یوسف علیہ السلام کا اپنے بھائیوں کو پہچاننا اور ان کا اپنے بھائی کو طلب کرنے اور قیمت کے واپس کرنے کا ذکر(52-62)
- یوسف کے بھائیوں کا اپنے والد کو مجبور کرنا تا کہ وہ بنیامین کو ان کے ساتھ مصر روانہ کریں(63-66)
- یعقوب علیہ السلام کا اپنی اولاد کو وصیت(67-68)
- یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کا ان کے بھائی کے ساتھ آنا جس کو انھوں نے طلب کیا تھا اور آپ کی تدبیر کا ذکر(69-79)
- بھائیوں کا ایک دوسرے پر ملامت کرنا اور اپنے والد کے پاس لوٹ کر واقعہ حال سے آگاہ کرنا(80-82)
- یعقوب علیہ السلام کا اپنے بیٹوں کی بات کا اعتماد نہ کرنا اور شدت غم کی وجہ سے ان کا اندھا ہو جانا اور ان کا اللہ سے التجاء کرنے کا ذکر(83-86)
- یعقوب علیہ السلام کا اپنے بیٹوں کو واپس بھیجنا کہ وہ ان کے دو بیٹوں کو تلاش کریں اور ان کے بھائیوں کا یوسف علیہ السلام کو پہچاننے اور معافی طلب کرنے کا ذکر (92-87)
- یوسف علیہ السلام کا اپنے بھائیوں کو اپنی قمیص کا دینا کہ وہ اس کو ان کے والد پر ڈال دیں جس سے ان کی آنکھیں واپس آجائیں اور اپنا عذر پیش کرنا اور ان کے لئے استغفار کرنا(93-98)

ASK ISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

**یونٹ نمبر**:3

تیرہواں پارہ، سورۃ یوسف سورۃ نمبر 12 کی آیت نمبر 98 سے لیکر آیت نمبر 102 میں یہ بتایا جارہاہے یوسف علیہ السلام علیہ السلام کا خاندان یوسف علیہ السلام علیہ السلام سے ملنے کے لیے آرہاہے تو وہ ان کے استقبال کرتے ہیں اور جب وہ خاندان کے افراد سے ملتے ہیں تو تمام خاندان کے افراد سجدے میں گر پڑتے ہیں لہذا اس پر یوسف علیہ السلام علیہ السلام کہتے ہیں کہ یہ میرے بچپن کے خواب کی تعبیر ہے۔

| یونٹ نمبر 3: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.3" |
| --- |

- یوسف علیہ السلام کے والد اور ان کے بھائیوں کا یوسف علیہ السلام کے پاس آنا اور ان کی تکریم کرنا اور خواب کے سچا ہونے کا ذکر (100-99)
- یوسف علیہ السلام کا اللہ کی نعمتوں کا اعتراف کرنا اور ان کا حسن خاتمہ کے لئے اللہ سے دعا کرنا۔ (101)
- یوسف علیہ السلام کا قصہ محمد ﷺ کے نبوت کے دلائل میں سے ایک ہے (104-102)۔

**یونٹ نمبر**:4

تیرہواں پارہ، سورۃ یوسف سورۃ نمبر 12 کی آیت نمبر 103 میں نصیحتیں بیان کی گئی ہیں، اور اس کے بعد دعوت توحید کا ذکر کیا گیا، جب انبیائے کرام کی مخالفت عروج پر پہنچ جاتی ہے تو انبیاء کے لیے اللہ کی مدد اور نصرت پہنچ جاتی ہے نبیوں کے واقعات مسلمانوں کے لیے نجات



AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

کا ذریعہ ہیں اور کافروں کے لیے ہلاکت کا سامان قرآن مجید میں جو کچھ واقعات اور قصے بیان کئے گئے ہیں وہ تصدیق کی شکل میں بیان کئے گئے۔

﴿لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِأُولِي الْأَلْبَابِ﴾

## یونٹ نمبر 4: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.4"

- مشرکین کا اللہ کی زمین اور آسمان کی آیات سے اعراض کرنے اور ان پر رد (105-110)۔
- قرآنی قصوں کی حکمت کا بیان (111)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# سُورَةُ الرَّعۡدِ

## SURAH AR-RA'AD

| The Thunder | Bijli | بجلی |
|---|---|---|
| "The Place of Revelation" / مقام نزول-مکہ MAKKAH | | |
| اس سورت کے مکی یا مدنی ہونے میں اختلاف ہے، مصحف مدینہ کے حساب سے یہ سورہ مکی ہے۔ | | |

## "Few Objectives" بعض اہداف

- اس سورت میں حق کی طاقت اور باطل کی کمزوری بیان کی گئی۔[1]
- بتایا گیا کہ اس قرآن میں کافی تاثیر ہے صرف انسانوں کے لیے ہی نہیں بلکہ زمین ، آسمان یا پہاڑ بھی ہوں تو ان پر یہ اثر انداز ہو گی۔(آیت:31)[2] یہ سورت جو دنیا میں خوب آگے بڑھ چکے ہیں (Intellectual ) ان کو عقلی دلائل

---

[1] (مزید تفصیل کے لیے تفسیر قرطبی ج9/ ص279 دیکھیں)

[2] مزید معلومات کے لیے اس کتاب کو ضرور پڑھیں(عظمة القرآن الكريم وتعظيمه وأثره في النفوس في ضوء الكتاب والسنة :سعيد بن علي بن وهف القحطاني)

(reasoning approach) کے ذریعہ اتمام حجت کرتے ہوئے ڈھیر کرتی ہے۔

- پرانا نیوٹن (امرأ القیس) جو کائنات کے نقشہ سے لطف اندوز ہو کر تدبر کر کے تعریف بیان کیا اور جدید زمانہ کا امرء القیس (نیوٹن) دونوں میں قدر مشترک یہ ہے کہ ان کی نگاہ صرف مخلوق کے خصائص سے ہی ششدر ہو کر discovery کر رہی ہے، گھوڑے کی دقیق صفات کا معاملہ ہو یا گرتے ہوئے سیب سے زمین کی قوت کشش (gravity) کا معاملہ ہو، دونوں کی نگاہ قاصر ہیں اور تعجب ہے حیران کردہ صفات سے متاثر واستنباط کر رہے ہیں لیکن مخلوق کے ذریعہ معرفت خالق کیسے نظر انداز ہو گئی؟۔
- انسان ایک غیر مرئی چیز (قوت کشش) کو مرئی چیز (سیب) کے ذریعہ مان لیتا ہے تو پھر وہ اتنی بڑی کائنات کو سیب کی جگہ رکھ کر سوچے کیا اللہ کے ہونے کا ثبوت نہیں ملتا؟
- سورہ رعد میں توحید ربوبیت کی بنیاد پر توحید الوہیت کو منوایا گیا ہے۔
- اس سورہ میں اتمام حجت کے ساتھ "بشیرًا ونذیرًا" کا پہلو غالب نظر آتا ہے۔

## مناسبت / لطائف تفسیر

- سورہ یوسف میں تاریخی دلائل سے احقاق حق اور ابطال باطل کیا گیا، جبکہ سورہ رعد میں عقلی اور فطری دلائل کے ذریعہ حق کو اجاگر کیا گیا اور باطل کے پرخچے

اڑائے گئے۔

- یہ دو سورتیں اس وقت نازل ہوئیں جب کہ معرکہ حق و باطل مکہ میں عروج (peak) پر پہنچ چکا تھا اور اعتراضات کر کے نبوت کی صداقت کو چیلینج کیا جارہا تھا۔

### یونٹ نمبر 5:

تیرھواں پارہ، سورۃ الرعد سورۃ نمبر 13 کی آیت نمبر 1 سے لیکر آیت نمبر 2 میں "جمالیات مظاہر کائنات" عالم علوی بیان کیئے جارہے ہیں کائنات کے مظاہر کی منظر کشی کی جارہی ہے اور اس کی خوبصورتی بیان کی جارہی ہے سورۃ الرعد کا مرکزی مضمون اور اس سورۃ کی "Theme" کائنات کے "حسن و جمال کے ذریعہ اللہ کا تعارف والوہیت وعبادت اور شرک سے نفرت" پر مشتمل ہے۔

| یونٹ نمبر 5: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.5" |
|---|

- قرآن کے برحق ہونے اور اللہ کی قدرت کاملہ کا بیان (1-4)

GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

### یونٹ نمبر 6:

تیرھواں پارہ، سورۃ الرعد سورۃ نمبر 13 کی آیت نمبر 3 سے لیکر آیت نمبر 4 میں یہ بیان کیا جارہاہے کہ اللہ تعالی نے زمین کی لمبائی اور چوڑائی کو ہموار کیا اور اس کو بچھادیا، اس میں دیو ہیکل پہاڑوں کو میخوں کی طرح گھاڑ دیا جس کی وجہ سے زمین اور بھی مضبوط ہوگئی، پھر اس میں دریا اور نہروں اور تالابوں کو جاری کیا تاکہ یہ زمین مختلف رنگوں میں اور بھی زیادہ مفید

اور خوبصورت دکھائی دے اور اس طرح کے باغات اور سبزہ زار لہراتے ہوئے کھیت اور خوشبودار پھولوں سے سجادیا۔

**یونٹ نمبر6:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.6"**

- قرآن کے برحق ہونے اور اللہ کی قدرت کاملہ کا بیان(1-4)

**یونٹ نمبر7:**

تیرہواں پارہ ، سورۃ الرعد سورۃ نمبر 13 کی آیت نمبر 5 سے لیکر آیت نمبر 11 میں یہ کہا جارہاہے کہ اس دنیا اور تمام کائنات کی پیدائش پر غور کرتے ہوئے آخرت پر بھی غور کرلیا کرو اور مرنے کے بعد دوبارہ اٹھائے جانے پر بھی غور کرو اور کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ کو تمام چیزوں کا علم ہے اس سے کوئی بھی چیز پوشیدہ نہیں ہے تمام انسان، حیوان اور ان کے پیٹ میں پائے جانے والے حمل سے اللہ تعالیٰ واقف ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا علم تمام مخلوقات کو گھیرے ہوئے ہے۔

**یونٹ نمبر7:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.7"**

- مشرکین کا دوبارہ اٹھائے جانے پر انکار کرنا اور نشانیوں کا طلب کرنا(5-7)
- اللہ کے علم اور اس کی قدرت کا بیان(8-16)

**یونٹ نمبر8:**

تیرہواں پارہ، سورۃ الرعد سورۃ نمبر 13 کی آیت نمبر 12 سے لیکر آیت نمبر 13 میں بجلی کی چمک اور اس کی گرج کے بارے میں بتایا جارہاہے کہ یہ بجلی ڈراتی ہے اور امید بھی دلاتی ہے

اور فرشتے بھی اس بجلی سے خوف کھاتے ہیں بجلی کی گرج اللہ کی تعریف بیان کرتی ہے اور اللہ کی تسبیح بیان کرتی ہے اور اسی جگہ سے ہم بادل پیدا کرتے ہیں اور اس سے پانی برساتے ہیں۔

## یونٹ نمبر 8: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.8"

- مشرکین کا دوبارہ اٹھائے جانے پر انکار کرنا اور نشانیوں کا طلب کرنا (5-7)
- اللہ کے علم اور اس کی قدرت کا بیان (8-16)

### یونٹ نمبر 9:

تیرہواں پارہ، سورۃ الرعد سورۃ نمبر 13 کی آیت نمبر 14 سے لیکر آیت نمبر 29 میں دعوت حق یعنی کہ توحید کی دعوت پیش کی جارہی ہے اور اللہ تعالیٰ کی عظمت اور کبریائی اور اللہ تعالیٰ کی عظیم سلطنت کا تذکرہ کیا جارہا ہے، اور اس کے بعد یہ بتایا گیا کہ بدکار اپنے بدکاری کے اندھیروں میں ڈوبا ہوا ہے اور نیک وصالح بندہ ایمان کے نور کی روشنی پاتا ہے، اور اس کے بعد کہا گیا کہ حق پائیدار اور باطل بہت ہی بودا اور کمزور ہے، اس کے بعد منافقین کی صفات بیان کی گئی ہیں اور مومنوں کے اوصاف بتائے گئے، اس کے بعد آسمانوں کا تذکرہ ہے اس کے بعد یہ بیان ہے کہ "اللہ تعالیٰ رازق ہے اور تمام کو رزق دیتا ہے اس میں رزق کے نظام کا تذکرہ ہے۔

## یونٹ نمبر 9: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.9"

- حق واہل حق اور باطل واہل باطل کی مثال کا بیان (17)
- مومنوں اور کافروں کے ٹھکانے کا بیان (18)
- مومنین کی صفات اور ان کی جزا کا بیان (19-24)

- کافروں کی صفات اور ان کی سزاؤں کا بیان(25)
- کفار کی سرکشی اور نشانیوں کے سوال پر اس بات کی وضاحت کی کہ رزق اور ہدایت دونوں اللہ کے ہاتھ میں ہے(26-28)
- مؤمنین کے ٹھکانے کا بیان(29)

**یونٹ نمبر10:**

تیرہواں پارہ، سورۃ الرعد سورۃ نمبر 13 کی آیت نمبر 30 سے لیکر آیت نمبر 43 میں اللہ کے نبی ﷺ کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے اور آپ ﷺ کو تسلی دی جارہی ہے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ قرآن مجید کی تعریف بیان کررہاہے اور قرآن مجید کی صفات بیان کررہاہے، اس کے بعد یہ کہا گیا کہ ہر نیک عمل کرنے والے کے نیک عمل سے اللہ تعالیٰ واقف ہے اور ہر بدکردار کے شر سے اللہ تعالیٰ بخوبی واقف ہے، اور آخرت میں اس سے بدتر عذاب میں ان کو ڈال دیا جائے گا، اور اس کے بعد کہا گیا کہ ہر کام کا ایک وقت مقرر ہے، اس کے بعد کفار کے شرمناک حرکات ذکر کیا گیا اور رسالت کے منکروں کا ذکر کیا گیا۔

**یونٹ نمبر10: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.10"**

- رسول کے مشن اور قرآن کریم کی اہمیت کا بیان(30)
- ان کافروں کا بیان جنہوں نے اللہ کی نشانیوں کا جھٹلایا(31-34)
- جنت کی صفات اور متقین کے انجام اور کافروں کے انجام کا بیان اور نبی کو متنبہ کیے جانے کا بیان کہ وہ ان کی بات نہ مانیں(35-37)
- رسولوں کی حقیقت اور اللہ کی آیات کے اٹل ہونے کا بیان(38-39)

- نبی کو تسکین اور مشرکین کی حرکتوں سے غافل نہ ہونے کا بیان (43-40)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# سُورَةُ إِبْرَاهِيمَ

## SURAH IBRAHIM

| | | |
|---|---|---|
| The Prophet Abraham | Ibraheem Alaihissalam | ابراہیم علیہ السلام |

"Place of Revelation" / مقام نزول-مکہ

**MAKKAH**

یہ سورۃ مکہ میں نازل ہوئی۔

## "Few Objectives" بعض اہداف

- اس سورت میں بتایا گیا کہ ایمان ایک نعمت ہے اور کفر ایک لعنت زدہ شئی ہے۔
- بعض کا یہ گمان ہے کہ دنیا کی عیش و عشرت ہی سب کچھ ہے وہ اسے ہی سب سے بڑی نعمت سمجھ بیٹھتے ہیں جبکہ ایمان سب سے بڑی نعمت ہے۔ جس کا تذکرہ اس سورت میں کیا گیا۔(آیت نمبر24)[1]
- اس سورہ میں ابراہیم علیہ السلام کی قربانیوں کا ذکر ہے۔ انہوں نے محض اللہ کی خاطر "وادی غیر ذی زرع" ریگستانی زمین میں اپنی فیملی کو چھوڑ دیا۔

---

[1] (مزید معلومات کے لیے اس کتاب کو ضرور پڑھیں – التذكير بنعمة الإسلام :صالح بن فوزان الفوزان)

- اس سورت کا موضوع ہے: توحید، رسالت، بعث بعد الموت، قیامت، جنت کی نعمتیں اور جدال احسن۔
- اس سورت میں کفار قریش کو ابراہیم علیہ السلام کی طرح خالص توحید اپنانے کے لیے کہا جارہا ہے۔[2]
- کفران نعمت اور شکر نعمت کا موازنہ اور دونوں کے نتائج۔ ابلیس کفران نعمت کی مثال، انبیاء شکران نعمت کی اعلی مثال۔

## مناسبت / لطائف تفسیر

### یونٹ نمبر 11:

تیرہواں پارہ، سورۃ ابراہیم سورۃ نمبر 14 کی آیت نمبر 1 سے لیکر آیت نمبر 4 میں اللہ تعالیٰ قرآن مجید کی تعریف اور اوصاف بیان کررہے ہیں اور کہا گیا کہ یہ کتاب گمراہیوں سے ہدایت کی طرف لیکر آتی ہے اندھیروں سے نور کی روشنی کی طرف لیکر آتی ہے، اس کے بعد کہا گیا کہ ہم ہر قوم کے لیے رسول بھیجے اور اس قوم کی زبان میں کتاب نازل فرمائی تاکہ وہ ہدایت کو آسانی سے سمجھ سکیں۔

## یونٹ نمبر 11: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.11"

- قرآن اللہ کی جانب سے اتارا گیا ہے اور مؤمنین کے لئے ہدایت ہے اور کافروں کے لئے چیلنج (1-3)

---

[2] مزید معلومات کے لیے اس کتاب کو ضرور پڑھیں (كشف الشبهات في التوحيد :محمد بن عبد الوهاب)

- رسولوں کی زبان اور ان کے کام کی وضاحت(4)

**یونٹ نمبر** 12:

تیرھواں پارہ، سورۃ ابراھیم سورۃ نمبر 14 کی آیت نمبر 5 سے لیکر آیت نمبر 8 میں بتایا جارہا ہے کہ تمام رسول محنت اور مشقت برداشت کرکے اللہ کے دین کا کام کرتے ہیں اور لوگوں کو گمراہی سے ہدایت کی طرف لاتے ہیں اور کہا گیا کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو نشانیاں معجزے عطا کئے ان نشانیوں میں لوگوں کے لیے ہدایت اور بھلائی موجود ہے۔

**یونٹ نمبر 12: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.12"**

- موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم کا بیان (5-8)

**یونٹ نمبر** 13:

تیرھواں پارہ، سورۃ ابراھیم سورۃ نمبر 14 کی آیت نمبر 9 سے لیکر آیت نمبر 17 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ کس طرح انبیائے کرام علیہم السلام کفار و مشرکین کے خلاف اللہ کی مدد اور نصرت کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعائیں کیا کرتے تھے اس کے بعد موسیٰ علیہ السلام کا ذکر پھر نوح علیہ السلام قومِ عاد، قومِ نوح اور قومِ ثمود کا ذکر ہے اور یہ بتایا جارہا ہے کہ انبیائے کرام علیہم السلام اور ان کے قوموں کے درمیان کس طرح سے کشمکش ہوا کرتی تھی۔

**یونٹ نمبر 13: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.13"**

- گزشتہ انبیاء اور ان کی امتوں کا تذکرہ (9-17)

**یونٹ نمبر**14:

تیرہواں پارہ، سورۃ ابراہیم سورۃ نمبر 14 کی آیت نمبر 18 سے لیکر آیت نمبر 31 میں بتایا جارہا ہے کہ جہنمیوں کو طرح طرح کے عذابوں سے گزارا جائے گا اور اہل ایمان کو انعامات اور تحائف سے نوازا جائے گا اس کے بعد شیطان کی تقریر کا ذکر ہے جو وہ جہنمیوں کو خطاب کر کے کریگا میں نے تو بس تم کو گناہوں کی ترغیب دلائی تھی لیکن وہ عمل تم نے از خود اپنی مرضی سے کیا اب اس کا مزہ بھی چکھو اس کے بعد شجرہ طیبہ کی مثال بیان کی جارہی ہے کہ اس جڑیں بہت مضبوط اور بہت پھیلی ہوئی ہیں، اس کے بعد جہنم کا تذکرہ کیا گیا اور اس کے بعد عذاب قبر کا بیان ہے اور مشرکین مکہ کے بارے میں کہا گیا کہ ان کو اس شرک کے بدلے دردناک عذاب میں مبتلا کیا جائے گا پھر احسان اور حسن سلوک کی تاکید کی گئی اور اس کی ترغیب دی گئی۔

## یونٹ نمبر 14: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.14"

- کفار کے اعمال کی مثالیں (18)
- ساری کائنات کا خالق اللہ ہی ہے۔ (19-20)
- جہنم میں کمزور اور مستکبرین کے درمیان گفتگو (21)
- شیطان کا اپنے پیروکاروں سے اعلان براءت (22)
- مؤمنین کی کامیابی کا ذکر (23)
- کلمہ طیبہ اور کلمہ خبیثہ کی مثال (24-27)
- اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کرنے والے اور ان کا انجام (28-30)

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

- اہل ایمان کو چند ہدایات اور انہیں قیامت کے دن سے ڈرانا۔(31)

**یونٹ نمبر** 15:

تیرہواں پارہ، سورۃ ابراہیم سورۃ نمبر 14 کی آیت نمبر 32 سے لیکر آیت نمبر 34 میں اللہ تعالیٰ کی نعمتیں اور کائنات کی عظمتیں بتائی جارہی ہے اور توحید ربوبیت، توحید الوہیت اور اللہ کا تعارف پیش کیا جارہا ہے اور کہا جارہا ہے کہ ناشکری نہ کرو بلکہ ابراہیم علیہ السلام عَلَیْہِ السَّلَام کی طرح شکر گزار بندے بن جاؤ۔

**یونٹ نمبر 15: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.15"**

- اللہ کی قدرتوں اور اس کی اپنے بندوں پر کی جانے والی نعمتوں کا ذکر (32-34)

**یونٹ نمبر** 16:

تیرہواں پارہ، سورۃ ابراہیم سورۃ نمبر 14 کی آیت نمبر 35 سے لیکر آیت نمبر 41 میں ابراہیم علیہ السلام کی دعا کا ذکر ہے: کہ اے میرے رب مکہ کو امن والا شہر بنادے اور میری اولاد کو بت پرستی اور شرک سے دور رکھ ان میں سے اگر کوئی نافرمانی کرے تو تو بہت معاف کرنے والا تو ان کو معاف فرمادے۔

**یونٹ نمبر 16: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.16"**

- ابراھیم علیہ السلام کا اپنے رب سے مناجات (35-41)

**یونٹ نمبر** 17:

تیرہواں پارہ، سورۃ ابراہیم سورۃ نمبر 14 کی آیت نمبر 42 سے لیکر آیت نمبر 52 میں کہ

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

قیامت کے ہولناک مناظر بتائے گئے، اور کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ کے ہر عمل سے واقف ہے، اور یہ کہہ دیا گیا کہ تمام مخلوقات جن وانس پر اللہ کی فرمانبرداری فرض ہے۔

## یونٹ نمبر 17: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.17"

- ظالمین کو دھمکی دیے جانے اور قیامت کی ہولناکیوں کا بیان (42-52)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# Free Islamic Books

www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)